SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
March 9, 2021

کاروباری آسانیاں؛ایس ای سی پی میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 39 فیصد اضافہ

اسلام آباد(مارچ 9): سکیورٹیزاینڈایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے کاروباری آسانیوں کے لئے کی جانے والی اصلاحات کے نتیجے میں پاکستان میں فروری کے مہینے میں کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 39 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ایس ای سی پی کے کارپوریٹ رجسٹرار نے فروری میں 2,257 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں۔ نئی رجسٹریشن کے بعد کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 137,054 ہو گئی ہے۔

فروری میں 99 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں جبکہ 30 فیصد درخواست دہندگان کو ایک ہی دن میں رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری کئے گئے اور 175 غیر ملکی سرمایہ کاروں نے ای سروسز کے ذریعے بیرون ملک سے کمپنیاں رجسٹرڈ کروائیں۔

ایس ای سی پی کی جانب سے کاروباری آسانیوں کی فراہمی کے لئے کئی اقدامات کئے گئے ہیں جن میں کمپنی کے نام کی ریزرویشن اور انکارپوریشن کے عمل کو یکجا کر کے سہل بنانا، فیسوں میں نمایاں کمی، آن لائن ادائیگیوں کی سہولت، رجسٹریشن کے ڈیجیٹل سرٹیفکیٹ کا اجراء اور کمپنی کی رجسٹریشن کو تیز کرنے اور اس سلسلے میں معاونت اور رہنمائی کی فراہمی کے لئے بزنس سینٹر کا قیام شامل ہے۔

فروری میں رجسٹر ہونے والی کمپنیوں میں 68 فیصد صد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ، 30 فی صد سنگل ممبر جبکہ 2 فیصد پبلک ان لسٹڈ، غیر منافع بخش ایسوسی ایشن، غیر ملکی کمپنیاں اور لمیٹڈ لائیبلیٹی پارٹنرشپ (ایل ایل پی) شامل ہیں۔ فروری میں 52 نئی کمپنیوں میں غیر ملکی سرمایہ کاری ہوئی۔ ان کمپنیوں کے سرمایہ کاروں کا تعلق کینیڈا، چین، ڈنمارک، مصر، جرمنی، ہانگ کانگ، جنوبی کوریا، کویت، لبنان، ناروے، عمان، پرتگال، سعودی عرب، سنگاپور، سپین، شام، تنزانیہ، ترکی، متحدہ عرب امارات، برطانیہ، یوکرین اور امریکہ سے ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005

سب سے زیادہ کمپنیاں تجارت کے شعبے میں رجسٹرڈ ہوئیں جن کی تعداد 354 ہے، انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 272، تعمیرات میں 220، سروسز میں 216، رئیل سٹیٹ میں 163، کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ 99،ای کامرس میں 92، فوڈ اینڈ بیوریج میں 81،ایجوکیشن میں 65، ٹیکسٹائل میں 60، ہیلتھ کیئر میں 56، انجنیئرنگ میں 47،مارکیٹ اینڈ ڈیلوپمنٹ میں ادویہ سازی میں 43، کیمکل میں 39 ، سیاحت میں 36، ٹرانسپورٹ میں 35، آٹو اینڈ الائیڈ میں 32، کاسمیٹک اینڈ ٹائلیر ٹیز اور کان کنی میں 29، کیبلز اینڈ الیکٹرک گڈز 27، فیول اینڈ انرجی میں 23، براڈ کاسٹنگ اور ٹیلی کاسٹنگ 22، کمیونیکیشن 20،لاگنگ (کندہ کشی) میں 19، پیپر اینڈ بورڈ میں 16، سٹیل اینڈ الائیڈ میں 14، بجلی کی پیداوار میں 13،ووڈ اینڈ ووڈ پراڈ یکٹس میں 11، جبکہ بقیہ 81 کمپنیاں دیگر شعبوں میں رجسٹر ہوئیں۔

سب سے زیادہ کمپنیاں اسلام آباد میں رجسٹرڈ ہوئی جن کی تعداد 765 ہے اس کے بعد بالترتیب لاہور اور کراچی میں 634 اور 361 کمپنیاں رجسٹرڈ کی گئیں۔ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن آفس ملتان، پشاور، فیصل آباد، گلگت بلتستان، کوئٹہ اور سکھر میں بالترتیب 32,63,79,153 اور 09 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

ٹکرز؛

کاروباری آسانیاں؛ایس ای سی پی میں نئی کمپنیوں کی رجسٹریشن میں 39 فیصد اضافہ

فروری میں ایس ای سی پی میں 2,257 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

نئی رجسٹریشن کے بعد کل رجسٹرڈ کمپنیوں کی تعداد 137,054 ہو گئی ہے۔

فروری میں 99 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں

175 غیر ملکی سرمایہ کاروں نے بیرون ملک سے کمپنیاں رجسٹرڈ کروائیں۔

تجارت کے شعبے میں 354 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

انفرمیشن ٹیکنالوجی میں 272، تعمیرات میں 220، سروسز میں 216، کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔

رئیل سٹیٹ میں 163، کارپوریٹ ایگریکلچر فارمنگ 99،ای کامرس میں 92 کمپنیاں رجسٹر

،فوڈ اینڈ بیوریج میں 81، ایجوکیشن میں 65، ٹیکسٹائل میں 60، ہیلتھ کیئر میں 56 کمپنیاں رجسٹر

انجنیئرنگ میں 47، مارکیٹ اینڈ ڈیلوپمنٹ میں ادویہ سازی میں 43 کمپنیاں رجسٹر

کیمکل میں 39 ، سیاحت میں 36، ٹرانسپورٹ میں 35 کمپنیاں رجسٹر